Department: - Health

## توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 907

منجانب:۔ جناب سریش کمار صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ تحصیل تنگی ہسپتال ضلع چارسدہ میں اقلیت سے تعلق رکھنے والے ملازم خرم شہزاد (خاکروب) کلاس فور کے پوسٹ پر تعینات تھا۔ رات کو اپنی ڈیوٹی سرانجام دی اور صبح انتظامیہ کی جانب سے حکم ملا کہ صبح سے آپ مالی کی ڈیوٹی بھی انجام دینگے۔ خرم شہزاد کو حکم ملا کہ آپ درختوں کی شاخ تراشی کریں۔ اسی وقت وہ درخت سے گر کر شدید زخمی ہو کر زخمیوں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے۔ جبکہ ایم ایس نے ان کی داد رسی کے بجائے مرحوم پر شراب نوشی کرنے اور خودکشی کا الزام لگایا۔ جو سراسر ناانصافی ہے۔ لہذا ایم ایس کے خلاف قانونی کاروائی کر کے مرحوم کے ساتھ مالی امداد کی جائے اور مرحوم کی بچوں میں سے ایک کو اسکی جگہ تعیناتی کا حکم بھی جاری کیا جائے۔